قائد انقلاب نے سابق وزیر دفاع جنرل حسین دہقان کو فوجی مشیر کے طور پر منصوب کردیا - 21 /Aug/ 2017

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے سابق وزیر دفاع جنرل حسین دہقان کو دفاعی صنعت اور مسلح افواج کے لاجسٹکس کے امور میں اپنے مشیر کے طور پر منصوب کردیا۔

حکم نامہ کا متن:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب جنرل حسین دہقان،

دفاعی شعبے بالخصوص اس کے صنعتی پہلو میں آپ کے مؤثر تجربات کے پیش نظر، آپ کو دفاعی صنعت اور لاجسٹکس کے امور میں کمانڈر ان چیف کے مشیر کے طور پر منصوب کیا جاتا ہے۔

آپ سے سائنسی تحقیقات اور دفاعی ٹیکنالوجی کے فروغ پر نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ اس شعبے میں ترقی اور صلاحیتوں میں اضافے کے لئے مناسب تجاویز کی توقع کی جاتی ہے۔

سید علی خامنہ ای

29 مرداد 1396 مطابق 20 اگست 2017